سندھ آرڈیننس نمبر XI مجریہ ۱۹۷۹

SINDH ORDINANCE NO.XI OF 1979

سندھ فنانس آرڈیننس، ۱۹۷۹

THE SINDH FINANCE ORDINANCE, 1979

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and Commencement

۲۔ ۱۸۷۰ کے ایکٹ VII کی ترمیم

Amendment of Act VII of 1870

۳۔ ۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ V کی ترمیم

Amendment of West Pakistan Act V of 1958

۴۔ ۱۹۶۴ کے مغربی پاکستان فنانس ایکٹ XXXIV کی ترمیم

Amendment of West Pakistan Finance Act XXXIV of 1964

سندھ آرڈیننس نمبر XI مجریہ ۱۹۷۹

SINDH ORDINANCE NO. XI OF 1979

سندھ فنانس آرڈیننس، ۱۹۷۹

THE SINDH FINANCE ORDINANCE, 1979

[۲۸ جون ۱۹۷۹]

ایک آرڈیننس جس کی توسط سے حکومت اور لوکل باڈیز کے درمیاں بیٹرمنٹ ٹیکس کے بانٹنے اور ٹیکس معافی کی منظوری دی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ حکومت اور لوکل باڈیز کے درمیاں بیٹرمنٹ ٹیکس کے بانٹنے اور ٹیکس معافی کی منظوری دینا مقصود ہے، جو اس طرح ہو گی؛

اب اس لیئے، ۵ جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان جس کو قوانین (نافذ ہونے والا تسلسل) والے حکم، ۱۹۷۷ کے ساتھ پڑھا جائے، اس کی روشنی میں گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and Commencement

۱۔(۱) اس آرڈیننس کو سندھ فنانس آرڈیننس، ۱۹۷۹ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور پہلی جولائی ۱۹۷۹ سے نافذ ہو گا۔

۱۸۷۰ کے ایکٹ VII کی ترمیم
Amendment of Act VII of 1870

۲۔ کورٹ فیس ایکٹ، ۱۸۷۰ میں، سندھ صوبے میں نافذ کرنے کے لیئے، دوسرے شیڈول میں، آرٹیکل ۲۰ کو ختم کیا جائے گا۔

۱۹۵۸ کے مغربی پاکستان ایکٹ V کی ترمیم

۳۔ سندھ شہری غیر منقولہ جائیداد ٹیکس ایکٹ، ۱۹۵۸ میں:

Amendment of West Pakistan Act V of 1958	(a) دفعہ A-3 میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کاما سے تبدیل کیا جائے گا، اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان (Proviso) بڑھایا جائے گا: "بشرطیکہ بیٹرمنٹ ٹیکس پہلی جولائی ۱۹۷۸ سے بانٹی جائے گی۔". (a) دفعہ ۴ میں: (i) شق (c) کی ذیلی شق (i) میں، الفاظ "دو سو پچاس روپے" کو الفاظ "پانچ سو روپے" سے متبادل بنایا جائے گا؛ (ii) شق (g) کے لیئے مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا: "(g) عمارتیں اور زمینیں جن کی سالانہ قیمت تین ہزار اور پانچ سو روپے سے زیادہ نہ ہو، جو کسی بیواہ، نابالغ یتیم یا مستقل طور پر معذور کسی شخص کی ہو۔".
۱۹۶۴ کے مغربی پاکستان فنانس ایکٹ XXXIV کی ترمیم Amendment of West Pakistan Finance Act XXXIV of 1964	۴۔ سندھ فنانس ایکٹ، ۱۹۶۴ میں، ساتویں شیڈول میں، جریان نمبر ۲ کو ختم کیا جائے گا۔ **نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**